# 14-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سیول ایوی ایشن نے ہندوستانی فضائی بیڑے میں شامل 34 بوئنگ 787 طیاروں کی توسیعی نگرانی کا حکم دیا ہے۔

۲۔ایئر چیف مارشل، چیف آف ایئر اسٹاف اے پی سنگھ نے آج کہا کہ آپریشن سندور نے مسلح افواج کے درمیان شاندار ہم آہنگی، اتحاد اور انضمام کا مظاہرہ کیا۔

۳۔گورنر تلنگانہ جشنو دیو ورما نے خون کے عطیہ کو انسانیت کی خدمت یعنی ایک مقدس فرض قرار دیا۔

۴۔سی پی آئی کے ایم ایل اے کے سامبا شیوا راؤ نے کالیشورم آبپاشی منصوبے کو مکمل طور پر ترک کرنے پر زور دیا ہے اور بے کار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس پر مزید عوامی فنڈس خرچ نہ کئے جائیں۔

## CHIEF OF ARMY STAFF

ایئر چیف مارشل، چیف آف ایئر اسٹاف اے پی سنگھ نے آج کہا کہ آپریشن سندور نے مسلح افواج کے درمیان شاندار ہم آہنگی، اتحاد اور انضمام کا مظاہرہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ''آپریشن سندور'' ہندوستانی فضائیہ کی بے مثال صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہندوستانی فضائیہ نے دشمن پر فوری، درست اور فیصلہ کن حملے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ایئر چیف نے حیدرآباد کے مضافات میں واقع ایئر فورس اکیڈمی، ڈنڈیگل میں 315 کیڈٹس کی کمبائنڈ گریجویشن پریڈ کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ ہندوستانی فضائیہ ہمیشہ سے ہی پہلا جواب دینے والا ادارہ رہا ہے اور رہے گا۔انہوں نے کہا کہ مستقبل کے میدان جنگ مزید پیچیدہ ہوں گے، اس لئے نوجوان عہدیداروں کو مسلسل تربیت لینا اور دوبارہ تربیت حاصل کرنا ضروری ہے تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجس کا سامنا کر سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان عہدیداروں کو مکمل طور پر پرعزم، مرکوز، اختراعی اور اپنے پیشے سے پرجوش ہونا ہوگا۔سنگھ نے نوجوان عہدیداروں کو ترغیب دی کہ وہ مسلح افواج کے جذبہ کو آگے بڑھائیں۔اس موقع پر بحریہ، کوسٹ گارڈ اور ایک دوست ملک کے کیڈٹ کو بھی کامیاب فلائنگ ٹریننگ پر ونگس سے نوازا گیا۔

BYTE

AHMEDABAD CRASH

وزیر شہری ہوابازی کے رام موہن نائیڈو نے آج بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سیول ایوی ایشن نے ہندوستانی فضائی بیڑے میں شامل 34 بوئنگ 787 طیاروں کی توسیعی نگرانی کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان میں سے 8 طیاروں کی فوری جانچ پڑتال بھی کی جا چکی ہے۔ نئی دہلی میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے، وزیر موصوف نے بتایا کہ مختلف شعبہ جات کے ماہرین پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی اس واقعہ کی تحقیقات کرے گی اور وزیر داخلہ اس کمیٹی کے سربراہ ہوں گے۔

BYTE NAIDU

وزیر موصوف نے کہا کہ حادثہ کے فوراً بعد ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بیورو کو متحرک کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے اے آئی بی نے طیارے کا بلیک باکس برآمد کرلیا ہے، جو حادثہ یا حادثہ سے پہلے کے لمحات کے بارے میں گہری معلومات فراہم کرے گا۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ چار دنوں کے دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں بتایا کہ گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں اور گرج و چمک کے ساتھ طوفانی بارش ریاست کے تمام اضلاع کے بعض مقامات پر اگلے پانچ دنوں تک متوقع ہے۔ جنوب مغربی مانسون ریاست پر کمزور رہا ہے۔ پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے بعض علاقوں میں بارش ہوئی۔

NTA NEET RESULTS

میڈیکل انٹرنس امتحان 2025UGNEET کے نتائج آج نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے جاری کر دئے۔ اسکور کارڈس سرکاری ویب سائٹ ntaneet.nic.in پر دستیاب ہیں۔ امیدوار اپنے اسکور کارڈ ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں اور ویب سائٹ کے ذریعہ میرٹ لسٹ دیکھ سکتے ہیں۔ راجستھان کے مہیش کمار کو پہلا، مدھیہ پردیش کے اُت کرش کو دوسرا اور مہاراشٹرا کے، کے جوشی کو تیسرا مقام حاصل ہوا۔

TPCC

صدر پردیش کانگریس کمیٹی وایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے دیگر پسماندہ طبقات میں فوری طور پر اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ یہ طبقات سیاسی حدود سے اوپر اٹھیں اور سماج کے تمام شعبوں میں اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کریں۔انہوں نے آج حیدرآباد میں پارٹی ہیڈکوارٹر گاندھی بھون میں کتاب اوبی سی پوروباتا کی رونمائی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوبی سی طبقہ کو طویل عرصہ تک صرف ووٹ بینک سمجھ کر نظرانداز کیا گیا ہے۔اب وہ انصاف اور نمائندگی کا مطالبہ کررہے ہیں اور اپنا حصہ چاہتے ہیں۔انہوں نے کانگریس پارٹی کی سماجی انصاف سے وابستگی کی ستائش کی۔

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ اس تعلیمی سال میں 571 نئے سرکاری اسکول کھولے جائیں گے، جو دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں ہوں گے جہاں 20 سے زائد بچے ہیں۔ یہ تعلیمی پروگرام کی ایک بڑی توسیع ہے۔انہوں نے کل سینئر عہدیداروں کے ساتھ اسکول کھلنے کے بعد ہونے والے جائزہ اجلاس میں یہ بات کہی۔ 571 نئے تلنگانہ سرکاری اسکول شہری اور دیہی علاقوں میں کھولے جائیں گے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیمی نظام میں زبان اور مضمون کی تعلیم کے ساتھ ساتھ مہارت پر مبنی تربیت اور ترقیاتی کورسس بھی شامل کئے جائیں۔انہوں نے تعلیمی نظام کے ساتھ مہارت کے انضمام کی اہمیت پر زور دیا۔

BLOOD DONATION

تلنگانہ کے گورنر اور انڈین ریڈ کراس سوسائٹی ( آئی آر سی ایس ) کے صدر جشنو دیو ورما نے خون کے عطیہ کے عالمی دن کے موقع پر راج بھون کمیونٹی ہال، سمکروتی میں رضاکارانہ خون عطیہ کیمپ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر گورنر نے زندگی بچانے والی خدمات پر تمام رضاکار خون عطیہ دہندگان کا شکریہ ادا کیا اور اسے انسانیت کی خدمت یعنی ایک مقدس فرض قرار دیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان کا یہ بے غرض عمل نہ صرف زندگیاں بچاتا ہے بلکہ مصیبت زدہ خاندانوں میں امید بھی جگاتا ہے۔گورنر نے منتظمین، حوصلہ افزائی کرنے والوں، اور سی ایس آر شراکت داروں کی کوششوں کو سراہا، جنہوں نے رضاکارانہ خون عطیہ کی مسلسل حمایت کی۔

IH PRO LEAGUE - INDIA Vs AUSTRALIA

انٹورپ، بلجیم میں کھیلے گئے میچ میں ہندوستانی مرد ہاکی ٹیم آسٹریلیا سے 3-2 سے معمولی شکست کھا گئی، جو پرو لیگ میں یورپی دورے کی ان کی مسلسل پانچویں شکست تھی۔ ہندوستان نے شروعات اچھی کی اورابھیشیک نے دو گول کر کے ٹیم ان بلیو کو 0-2 کی برتری دلائی۔ تاہم، آسٹریلیا نے شاندار واپسی کرتے ہوئے حوصلہ و ہمت کا مظاہرہ کیااورایک سنسنی خیز مقابلے میں جیت حاصل کی۔

CPI

سی پی آئی کے ایم ایل اے کے سامباشیواراؤ نے کالیشورم آبپاشی منصوبے کومکمل طور پر ترک کرنے پر زور دیا ہے اور بے کارقرار دیتے ہوئے کہا کہ اس پر مزید عوامی فنڈس خرچ نہ کیے جائیں۔ سامباشیواراؤ نے سابق وزیراعلیٰ کے چندرشیکھرراؤ پر بھی تنقید کی۔ سی پی آئی ایم ایل اے نے دعویٰ کیا کہ منصوبے کا مقصد پورانہیں ہوا کیونکہ اب تک ایک ایکڑ زمین کو بھی آبپاشی کا پانی نہیں دیا گیا، جب کہ فی الحال پانی ایلم پلی سسٹم سے فراہم کیا جارہا ہے۔

KAVITHA

بھارت راشٹرسمیتی (بی آر ایس) کی ایم ایل سی کے کویتا نے آج ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بی سی ریزرویشن بل کو نافذ کرے، جیسے ہی اسے صدر جمہوریہ کی منظوری ملے۔ انہوں نے کہا کہ اگر بل نافذ نہیں کیا گیا تو پارٹی ریاست میں بلدیاتی انتخابات کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جیسے ہی بل منظور ہوگا، اسے لاگو کیا جائے۔ کویتا نے طلبہ برادری سے اپیل کی کہ وہ سماجی تلنگانہ کی تحریک میں شامل ہوں۔ اس موقع پر مختلف تنظیموں سے تعلق رکھنے والے طلبہ، کلچرل اورسوشل ونگ کے نمائندے بھی موجود تھے۔

EXCISE

حیدرآباد میں 24 نئے پبس قائم کئے جائیں گے۔ محکمہ آبکاری کے بار لائسنس الاٹمنٹ کے تحت یہ لائسنس جاری کئے جائیں گے۔ جملہ 28 نئے لائسنس حکومت کی جانب سے گزشتہ روز نارسنگی میں کمپیوٹرائزڈ لاٹری کے ذریعہ جاری کئے گئے۔ ان الاٹمنٹ سے محکمہ کو 36.38 کروڑ روپے کی آمدنی ہوگی۔ محکمہ آبکاری ونشہ بندی کے کمشنر سی ہری کرن کی نگرانی میں اِس پر بہتر ردِعمل سامنے آیا۔ جی ایچ ایم سی حدود میں 3520 درخواستیں 24 بار لائسنس کیلئے موصول ہوئی۔